© rasailojaraid.com



تعلیم الاسلام انہی کی ایک عام فہم کتاب ہے، جو خاص طور پر بچوں کے لیے لکھی گئی تھی، سوال وجواب کے ذریعے دین اور دینی مسائل سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ فقہی مسائل حنفی نقطۂ نظر سے لکھے گئے ہیں۔ پہلے حصے میں کلمہ شریف، قرآن حکیم، قبلہ اور نماز کے مسائل بتائے گئے ہیں۔ دوسرے میں کچھ بنیادی عقائد اور نماز کی شرائط کا خاکہ پیش کیا گیا ہے۔ تیسرے میں عقائد کے سلسلے کے مزید کچھ مسائل اور نماز کے باقی ماندہ مسائل کی تفصیل پیش کی گئی ہے اور چوتھے میں، مزید عقائد کے ساتھ ایمان وعمل صالح، گناہ، کفر و شرک، بدعت اور توبہ کا ذکر کیا گیا ہے۔

یہ کتاب اسی لحاظ سے کافی تسلی بخش ہے کہ لکھنے والے بڑے ذمہ دار بزرگ اور عالم دین ہیں، جو حنفی نقطۂ نظر کی صحیح ترجمانی کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ عقائد کے سلسلے کے بعض مسائل پر تو نہایت دلنشین تفصیل پیش کی گئی ہے۔

(۳)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں　　حافظ فضل الرحیم خطیب مدینہ مسجد و مدرس جامعہ اشرفیہ لاہور

صفحات　　۱۱۲

قیمت　　۳/- روپے

ناشر و ملنے کا پتہ　　مذکور

مضمون رسالے کے نام سے ظاہر ہے۔ مؤلف موصوف مدینہ مسجد، چوک پرانی انارکلی میں درس قرآن دیا کرتے ہیں، مسنون دعاؤں کا جب ذکر آیا تو سامعین نے خواہش کی کہ ان کو یکجا مدون کر دیا جائے چنانچہ یہ رسالہ، ان کی فرمائش کی تعمیل کے لیے لکھا گیا ہے۔

رسالے کے شروع میں دعاؤں کی فہرست دی گئی ہے جس سے دعا کی تلاش میں بڑی آسانی رہتی ہے ہر دعا کے ساتھ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ یہ کس موقع پر پڑھی جائے۔ پھر ہر دعا کے ساتھ ترجمہ بھی دیا گیا ہے جو عام فہم اور خاصا دلنشین ہے۔ پڑھنے والے کو اس سے پتہ چل سکتا ہے کہ وہ خدا سے کیا مانگ رہے ہیں۔

دوسری بدعات کے ساتھ خانہ ساز دعاؤں کا بڑا رواج ہو گیا ہے، جو متقفیٰ اور مسجع تو ضرور ہوتی ہیں مگر افسوس! مسنون بہت کم ہوتی ہیں۔ بہر حال زیر تبصرہ رسالہ کی یہ خوبی ہے کہ ہر دعا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلی ہوئی دعا ہے۔ جس سے زیادہ پُر تاثیر اور کوئی دعا نہیں ہو سکتی۔ اس میں اگر کتاب کے حوالے کا بھی التزام کر لیا جاتا تو سونے پر سہاگہ ہوتا۔



© rasailojaraid.com